SMITTSKYDDSBLAD

Patientinformation

Översättning till Tigrinja (byt ut till aktuellt språk)

Version 2020-07-24 (byt ut till aktuell version)

# مخفی تپ دق، مریض کی لئے معلومات

**جب حفاظتی علاج نہیں دیا جاتا ہے۔ انفیکشن کنٹرول ڈاکٹروں کی معلوماتی شیٹس**

**تپ دق کیسے منتقل ہوتا ہے؟**

پھیپھڑوں میں تپ دق کا شکار شخص اس وقت دوسروں کو متاثر کر سکتا ہے جب وہ شخص کسی بند جگہ کھانستا ہے۔ دوسرے اعضاء کی تپ دق اور مخفی تپ دق متعدی نہیں ہیں۔ بلوغت سے پہلے بچوں کا متعدی ہونا غیر معمولی بات ہے۔ اگر آپ ایک ہی کمرے میں طویل وقت گزارتے ہیں، مثال کے طور پر اپ مریض کے ساتھ ایک ہی گھرانے میں رہتے ہیں، تو ایسے صورت میں انفیکشن ہونے کا خطرہ سب سے زیادہ ہے۔

**مخفی تپ دق کیا ہے؟**

ہر کوئی جو تپ دق سے متاثر ہوتا ہے وہ تپ دق کا بیمار نہیں ہوتا ہے۔ زیادہ تر لوگوں میں، جسم کی دفاعی قوتیں بیکٹیریا کی افزائش کو روک سکتی ہیں۔ بیکٹیریا جسم میں تو رہ سکتے ہیں لیکن فعال نہیں ہوتے۔ اس حالت کو **مخفی تپ دق** کہتے ہیں۔

**مخفی تپ دق کوئی بیماری نہیں ہے**

آپ جن کو خون کے ٹیسٹ (IGRA ٹیسٹ) یا جلد کے ٹیسٹ (ٹیبرکولن ٹیسٹ) کے بعد بتایا گیا ہو کہ آپ تپ دق کی مخفی شکل میں مبتلا ہیں، اور ایسی حالت میں بیماری کی کوئی علامات نہیں ہیں جو تپ دق کی وجہ سے ہوں۔ ایسی حالت میں آپ بیکٹیریا کو دوسرے لوگوں میں نہیں پھیلا سکتے۔

تاہم، ایندہ زندگی میں تپ دق پیدا ہونے کا خطرہ موجود ہوتا ہے، لیکن اس خطرے کے امکانات کم ہوتے ہیں. اس لئے زیادہ تر معاملات میں ان لوگوں کو کوئی علاج دینے کی ضرورت نہیں ہے جن کومخفی تپ دق ہے.

**بعض صورتوں میں حفاظتی علاج دیا جاتا ہے**

وہ لوگ جن میں بیمار ہونے کا خطرہ بعد میں بڑھ جاتا ہے انہیں محافظتی علاج کی پیشکش کی جاتی ہے. یہ بنیادی طور پر حمل کے دوران اور ولادت کے بعد، بچوں اور نوعمروں کے ساتھ ساتھ کمزور مدافعتی نظام والے لوگوں پر بھی لاگو ہوتا ہے، مثال کے طور پر کینسر کے علاج، انسولین سے علاج شدہ ذیابیطس، گردے کی شدید بیماروں کے لئے. حافظتی علاج بعض اوقات ان لوگوں کو بھی دیا جاتا ہے جو حال ہی میں تپ دق کے انفیکشن کا شکار ہوئے ہیں۔

**ڈاکٹر سے رابطہ**

آپ کو مخفی تپ دق ہے لیکن آپ کا ڈاکٹر آپ کی لئے محافظتی علاج تجویز نہیں کرتا. اگر آپ مستقبل میں طویل کھانسی (تین ہفتوں سے زیادہ)، رات کے پسینے، بخار یا وزن میں کمی کا شکار ہیں، تو آپ کو مستقبل میں تپ دق کا معائنہ کرنے کے لیے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے. اگر آپ کو حامل ہے، یا انسولین سے ذیابیطس کا علاج کر رہے ہیں، گردے کی شدید بیماری میں مبتلا ہں، کینسر کا علاج کررہے ہیں یا کسی اور وجہ سے کمزور مدافعتی نظام رکھتے ہیں، تو آپ کو نیز ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے.

**رابطے کی معلومات (*Kontaktuppgifter*)**

استقبالیہ کا نام(*Namn på mottagningen*)

……………………………………………………………………………

ٹیلی فون نمبر / استقبالیہ کے لیے ٹیلی فون کا وقت (*Telefonnummer/telefontid till mottagningen*)

…………………………………..…………………………………………